14/03/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رُفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*.......روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے کی یوکرین میں جاری جنگ کی طرف خصوصی توجہ دینے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی سمیت متعدد عالمی لیڈروں کی ستائش ۔

*.......جموں کشمیرمیں سڑک حادثات پر قابو پانے نیز قیمتی جانوں کے زیاں کو روکنے کیلئے روڈ سیفٹی پالیسی 2025مشتہر۔

*.......جہلم توی فلڈ ریکوری پروجیکٹ کے تحت15ارب 27کروڑ روپے کی لاگت سے 2سو ذیلی پروجیکٹ مکمل ۔

اور

*.......آج ملک بھر میں جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے رنگوں کا تہوار ہولی۔

روس مودی

روس کے صدر ولایمیر پوتن نے یوکرین میں جاری جنگ کی طرف خصوصی توجہ دینے کیلئے بھارت کے وزیر اعظم نریندر مودی اور امریکی صدرڈونالڈ ٹرمپ سمیت دیگر عالمی لیڈروں کی ستائش کی ہے۔بیلا روس کے صدر کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس کے دوران ولایمیر پوتن نے جنگ کو ختم کرنے میں وزیر اعظم مودی کی کاوشوں کی تعریف کی۔

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیرمملکت جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ شمال مشرق وکست بھارت کے ویژن کو پور ا کرنے میں بھارت کیلئے ایک کلیدی مرکز ہے اور یہ خطہ ملک کا زعفران کا آئندہ مرکز بھی بن جائے گا۔ انہوننے کہا کہ حکومت کے ” مشن زعفران“ پہل کی 2021سے سکم ، اروناچل پردیش اور میگھالیہ تک توسیع کی گئی ہے۔ انہوننے کہا کہ جموں کشمیر کے پانپور کے بعد شمال مشرقی خطہ بھارت کا آئندہ زعفران کا مرکز ہوگا۔

ٹریفک پالیسی

سرکار نے یو ٹی میں سڑک حادثات پر قابو پانے کیلئے جموں کشمیر روڈ سیفٹی پالیسی 2025مشتہر کی ہے ۔ پالیسی کی نوٹیفکیشن میں بتایاگیا ہے کہ جموں کشمیر میں 22لاکھ 66ہزار گاڑیاں درج ہیناور سال2023میں 6ہزار298سڑک حادثات پیش آئے جن میں 893جانیں تلف ہوئیں۔
پالیسی پر ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے اطمینان کا اظہا رکرتے ہوئے کہا کہ نئی پالیسی کی بدولت جموں کشمیر میں مختلف محکموں کے اشتراک سے ٹریفک نظامت میں مزید بہتری لائی جا سکے گی ۔

ٹرانسپورٹ کمشنر

جے اینڈ کے ٹرانسپورٹ کمشنر کا دفتر ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کرنے والے لوگوں کو بلا کسی طوالت کے ڈرائیونگ لائسنس جاری کرانے کےلئے کئی موثر اقدامات کر رہا ہے اور یہ کام یوٹی بھر میں ریجنل ٹرانسپورٹ اور اسسٹنٹ ریجنل ٹرانسپورٹ افسروں کی نگرانی میں شفاف طریقے پر عمل میں لایا جا رہا ہے ۔

اس حوالے سے جمونو کشمیر کے ٹرانسپورٹ کمشنر وشیش پال مہاجن نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

Math

آج ریاضایات کا بین الاقوامی دن ہے ۔ آج کے دن زندگی کے ہر ایک شعبے بالخصوص آرٹ اور تعلیم کے نمایاں رول سے متعلق بیداری پیدا کی جاتی ہے ۔ اس دن کی Mathematics کے سیکٹر میں شعبے کے پروفیسر، ڈاکٹر Mathematics اہمیت کے بارے میں جب ہم نے جموں یونیورسٹی میں کلدیپ سنگھ چاڈک کے ساتھ بات کی توانہوننے کہا ۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جارہے ہیں۔
اس تعلق سے جب ہم نے پونچھ سے تعلق رکھنے والے ایک سابق بیورو کریٹ شوکت کاظمی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

اعجازاسد

کے چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد اعجاز اسد نے آج سرینگر میں عالمی معاونت والے جہلم ERA جے اینڈ توی فلڈ ریکوری پروجیکٹ کی پیش رفت کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔اس موقعے پر بتایاگیا کے تحت ہاتھ مینلئے گئے213ذیلی پروجیکٹوں میں سے2سو پروجیکٹ15ارب 27کروڑ JTFRP کہ روپے کی لاگت سے مکمل کئے جا چکے ہیں۔

ہولی

ملک بھر میں آج رنگونکا تہوا ر ہولی پورے جوش و خروش کے ساتھ منایاجا رہا ہے۔ یہ تہوار بہار کی آمد کے ساتھ ساتھ بدی پر نیکی کی فتح کا عکاس ہے۔ صدر جمہوریہ درو پدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ ڈھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی ، مرکزی وزیرڈاکٹر جتندر سنگھ اورمرکزی کابینہ کے کئی وزرا نے ہولی کے موقعے پر لوگو ں کو مبارکباد دی ہے ۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے کہا ہے کہ ہولی کا تہوار بھارت کی گونا گوں ثقافتی ورثے نیز یکجہتی ، اخوت اور آپسی بھائی چارے کی ترجمانی کرتا ہے ۔

ادھر جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری اور کابینی وزراءنے بھی لوگوں کو ہولی کی مبارکباد دی ہے۔

جن دیگر شخصیات نے لوگوں کو ہولی کی مبارکباد دی ہے ان میں نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر جمونکشمیر کے صدر جی ایم شاہین،پی ڈی ایف کے JDUلیڈر الطاف ٹھاکر ،BJPفاروق عبداللہ ، کشمیروی کے بردی اور فوج کا چنار کور شامل IGPنلین پربھات ،DGPچیرمین حکیم محمد یا سین، ہیں۔

JKہولی

ادھر جمونوکشمیر کے مختلف حصوں میں بھی ہولی کا تہوار دھوم دھام کے ساتھ منایاگیا۔ جموں میں مقیم ایک معروف براڈ کاسٹرپی کے رینا نے ہولی کے موقعے پر اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

دلی سے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے ایک معروف میڈیا شخصیت دھارا سرسوتی نے اپنے جذبات کا یوں اظہار کیا۔

آکاشوانی دلی میں تعینات ایک خاتون ملازم شالنی گپتا نے ہولی کے تعلق سے اپنے پیغام میں کہا ۔

وادی سے تعلق رکھنے والی بارہویں جماعت کی ایک طالبہ شیوانی کول نے ہولی کے تعلق سے اپنے جذبات کا اظہار کچھ اسطرح کیا۔

رمضان

فیوض و برکات سے مالا مال رمضان المبارک کا آج دوسرا جمعہ تھا ۔ آج وادی بھر کی خانقاہوں ، زیارت گاہوں ، بقہ جات اور مساجد میں نماز جمعہ سے پہلے علمائے دین نے روزوں کی فضیلت پر تفصیل سے روشنی ڈالی ۔اس دوران ملک و قوم کی فلاح و بہبود کیلئے خصوصی دعائیں مانگیں

گئیں۔ روزے باطنی عبادت کا بھی ایک اہم ذریعہ ہیں۔اس تعلق سے معروف عالم دین مولوی ریاض احمد ہمدانی نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالات کا یوں اظہار کیا ۔

سریکلچر

سریکلچر ڈیولپمنٹ محکمہ کسانوں بالخصوص سماج کے پچھڑے طبقے ، قبائیلی برادری کے لوگوں اور بیروزگار نوجوانوں کی سہولت کیلئے ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت متعدد اقدامات کر رہا ہے تاکہ ان کیلئے روزگار کے وسائل پید اہو سکیں۔ اس تعلق سے جے اینڈ کے سریکلچر ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر اعجاز احمد بٹ نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

چیف جسٹس

جمونو کشمیر اور لداخ کے چیف جسٹس، جسٹس تاشی ربستان نے آج ضلع کورٹ کمپلیکس گاندربل کا دورہ کر کے وہاں بنیادی ڈھانچے اور کورٹ نظامت سے جڑے معاملات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے وہاں لیگل ایڈ ڈیفنس کونسل کا بھی افتتاح کیا۔ اس موقعے پر عدلیہ سے جڑی کئی اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے معاون جنرل سیکریٹری شیخ مصطفی کمال نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر پر کارکنونکے ایک اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ این سی کی سربراہی والی سرکارسیاحتی سیکٹر کی طرف خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ انہوننے کہاکہ حکومت زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے اختراعی اقدامات کر رہی ہے ۔

جیسوال

بھارت نے پاکستان کی طرف سے عائد کئے گئے اُن الزامات //کہ بھارت وہاں کی ٹرین کو اغوا کئے جانے کے واقعے مینملوث تھا کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔پاکستان کی طرف سے کئی گئی اس رائے زنی پر میڈیا کی طرف سے پوچھے گئے سوالات کے جواب میں ، وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت، پاکستان کے اِن بے بنیاد الزامات کو سختی سے مسترد کرتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو دوسروں کی طرف انگلی اٹھانے کے بجائے اپنے گریبان میں جھانکنا چاہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر کے میدانی علاقوں میں اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یابرفباری ہونے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 9اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 22اعشاریہ4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت15اعشاریہ7ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل اختتام سحری صبح5بجکر19منٹ پر

جبکہ افطاری کا وقت شام6بجکر41منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔

.......................

..............................................................

........................................

...................